فوری ریلیز کے لیے: 17/1/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

## ***گورنر HOCHUL کی جانب سے گلی کوچوں میں موجود افراد کی بےگھری کے خاتمے کے لیے 38.2$ ملین رقم کے اقدام کا اعلان***

### ***نیو یارک کے بےگھر باشندگان کی فوری ضروریات کو پورا کرنے کی خاطر رویہ جاتی ماہرینِ صحت کی آٹھ ٹیمیں تشکیل دینے کے لیے ریاستی فنڈنگ***

### ***وہ ماڈل ٹیمیں جن کی نیو یارک شہر میں کامیابی کے ساتھ خدمات حاصل کی گئیں، انہیں ریاست نیو یارک کے ان علاقوں میں تعینات کیا جائے گا، جہاں بےگھر افراد کی شرحیں بلند ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج محفوظ اختیارات کی ایسی معاون ٹیمیں تشکیل دینے کی خاطر ریاستی فنڈنگ میں 38.2$ ملین رقم کی فراہمی کا اعلان کیا، جو ان افراد کو اعلیٰ درجے کی رسائی، وابستگی اور نگہداشتی ہم آہنگی کی خدمات فراہم کریں گی، جو نیو یارک شہر کے مضافاتی ریاستی علاقوں میں بےگھری کی زندگی گزار رہے ہیں۔ ریاستی دفتر برائے ذہنی صحت کی جانب سے فنڈ کردہ، مذکورہ ٹیموں کو ان ٹیموں کی تقلید میں تشکیل دیا جائے گا جو فی الوقت نیو یارک شہر کی گلیوں میں مقیم اور سب وے سسٹم کے اندر پناہ گاہوں کے متلاشی افراد کو معاونت فراہم کر رہی ہیں، اور انہیں ان ریاستی علاقوں میں تعینات کیا جائے گا جہاں گلیوں میں موجود بےگھر افراد کی بلند شرحیں پائی جاتی ہیں۔

"ہماری کمیونٹیز میں موجود نیو یارک کے لاتعداد ایسے باشندگان بےگھری کی زندگی گزار رہے ہیں، جنہیں اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے کے لیے وسائل اور معاونت درکار ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ ماہرینِ رسائی فوری معاونت کی فراہمی میں مدد دیں گے اور گلیوں میں مقیم افراد کے ساتھ ایک مثبت تعلق قائم کریں گے - جس سے انہیں مستحکم راہوں کی جانب سفر کے آغاز کی خاطر ان خدمات تک رسائی کرنے میں مدد فراہم ہو گی جن پر وہ انحصار کر سکتے ہیں۔"

محفوظ اختیارات کی معاون ٹیموں میں رویہ جاتی ماہرینِ صحت شامل ہوتے ہیں، جو بےگھری کے شکار نیو یارک کے باشندگان کو اہم خدمات اور پناہ گاہ سے مربوط کرنے میں خصوصی مہارت رکھتے ہیں۔ ان میں لائسنس یافتہ معالجین، نگہداشتی نظم کاران، اور ساتھی ماہرین شامل ہوتے ہیں، جو حکومت، کمیونٹی شراکت داران، ہسپتالوں، قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں اور ان جیسے دیگر کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔

ان آٹھ ٹیموں میں سے ہر ایک کی تشکیل کی خاطر ریاستی دفتر برائے ذہنی صحت پانچ سال سے زائد عرصے سے 4.7$ ملین تک کی رقم فراہم کر رہا ہے۔ تجاویز کی درخواست کے مطابق، جو گزشتہ ہفتے جاری کی گئی، ہر ٹیم نیو یارک شہر سے باہر اس ریاستی علاقے میں موجود ہو گی، جو فوری ترین اور انتہائی ضرورت کا حامل ہو گا۔

یکساں نوعیت کی ٹیمیں گزشتہ سال نیو یارک شہر میں تعینات کی گئیں، تاکہ گلیوں میں مقیم اور سب وے سسٹم کے اندر پناہ گاہوں کے متلاشی افراد کو معاونت و مدد فراہم کی جائے۔ آج تک، کُل 10 ٹیمیں ہیں جنہوں نے 4,500 بےگھری کے شکار افراد کو رسائی کی خدمات فراہم کی ہیں، ان میں سے متعدد ذہنی امراض کے شکار تھے، اور ان

میں تقریباً 200 افراد کو عارضی پناہ گاہی ترتیبات میں رکھا گیا جبکہ 600 سے زائد افراد نے مذکورہ ٹیموں سے معاونت کے حصول کا سلسلہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے۔

**ذہنی صحت کے دفتر کی کمشنر Dr. Ann Sullivan نے کہا،** "محفوظ اختیارات کی معاون (Safe Options Support, SOS) ٹیمیں ریاست میں موجود ان انتہائی زدپذیر افراد کے ساتھ اعتماد کا ایسا ناطہ جوڑتی ہیں، جو خدمات سے اکثروبیشتر بمشکل ہی مربوط ہوتے ہیں۔ SOS ٹیم ماڈل نیو یارک شہر میں فعال ہے، اور مجھے اس بات کی نہایت خوشی ہے کہ ہم ذہنی امراض میں مبتلا اور بےگھری کے شکار افراد کی بلند شرحوں کے حامل ریاستی علاقوں میں بھی جلد ہی ٹیمیں تشکیل دیں گے۔"

محفوظ اختیارات کی معاون ٹیمیں بےگھری کے شکار افراد کے ساتھ کام کرتی ہیں تاکہ انہیں زندگی گزارنے کے ہنر دے سکیں اور ان کے معاونتی نیٹ ورک کو مستحکم بنا سکیں، یوں ان کی نگہداشت کو کمیونٹی پر مبنی نگہداشتِ صحت کے فراہم کاران کو کامیابی سے منتقل کیا جا سکتا ہے۔رسائی کے علاوہ، مذکورہ ٹیمیں ہسپتالوں، سماجی خدمات کے محکمہ جات، قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں، کمیونٹی فراہم کاران اور ان علاقوں میں کام کرنے والے دیگر افراد کی جانب سے ریفرلز کو بھی منظور کرتی ہیں، جہاں وہ بےگھر افراد کے ساتھ تعامل کر سکتے ہیں۔

یہ ٹیمیں 'نازک وقت میں مداخلت (Critical Time Intervention)' سے فائدہ اٹھاتی ہیں، جو کہ شواہد پر مبنی ایک ایسا عمل ہے جو زدپذیر افراد کو ان کی زندگیوں میں منتقلی کی مشکل گھڑیوں کے دوران رہائش اور خدمات سے مربوط کرنے میں مدد دیتا ہے۔ اس ماڈل کے تحت، ٹیمیں فوری طور پر رابطہ قائم کرتی ہیں اور اعتماد اور دستگیری پر مبنی وابستگی کے قیام کی خاطر باوثوق اور مستقل رسائی عمل میں لاتی ہیں۔ یہ ٹیمیں مربوط نگہداشت پر مبنی منتقلی کی سرگرمیاں اور معاونت فراہم کریں گی، جن کا ریفرل کے وقت سے آغاز ہو گا اور یہ کمیونٹی رہائش، علاج اور معاونتوں پر منتج ہوں گی۔

ریاست کے نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر، ریاستی دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت، مقامی محکمہ جات برائے سماجی خدمات اور دیگر کلیدی شراکت داران کے باہمی مربوط تعامل کے ذریعے ریفرلز کا جائزہ لیا جائے گا اور ان کا نظم کیا جائے گا، تاکہ فوری ربط کو یقینی بنانے کے ساتھ خدمات کی دو بار فراہمی کے عمل کو روکا جا سکے۔مذکورہ خدمات قبل از رہائش اور بعد از رہائش پلیسمنٹ کی صورت میں، 12 ماہ تک کے عرصے کے لیے فراہم کی جائیں گی، جبکہ یہ اعلیٰ سطح کی ابتدائی رسائی اور وابستگی کا عرصہ ہو گا جس دوران فی ہفتہ متعدد دورے شامل کیے جائیں گے، جن میں سے ہر ایک کئی گھنٹوں پر محیط ہو گا۔

ٹیموں کی جانب سے وابستہ افراد کو خود انتظامی کی مہارتوں اور روزمرہ رہن سہن کی سرگرمیوں میں مدد دی جائے گی تاکہ ان کی ذاتی کارگری اور بحالی کے ہدف کے حصول کو ممکن بنایا جا سکے۔ ٹیموں کی رسائی کا مقصد معالجاتی اور معاونتی خدمات سے مربوط ہونے کے عمل میں سہولت پیدا کرنا ہے۔

محفوظ اختیارات کی ان معاون ٹیموں، نیز ان ٹیموں کے علاوہ جو فی الوقت نیو یارک شہر میں فعال ہیں، گورنر Hochul نے آٹھ مزید ٹیموں کے اضافے کا مطالبہ کیا - جن میں سے پانچ نیو یارک شہر میں اور تین باقی ریاست میں مصروفِ عمل ہوں گی - اور یہ ان کے نیو یارک میں ذہنی صحت کے نگہداشتی سلسلے کی بحالی اور ان افراد کی تعداد میں نمایاں کمی لانے کے جامع منصوبے کا حصہ ہے، جن کی ذہنی صحت کی ضروریات پوری نہیں ہوتیں۔ 2023 کے سٹیٹ آف دی سٹیٹ کے دوران اعلان کردہ، 1$ بلین لاگت کی اس متعدد سالہ سرمایہ کاری کا مقصد شعبۂ بیرونی مریضاں اور شعبہ اندرونی مریضاں خدمات میں نمایاں انداز میں توسیع، طلباء کے لیے سکولوں میں ذہنی صحت کے نئے کلینکس کا قیام، ذہنی امراض کے شکار افراد کے لیے 3,500 اضافی رہائشی یونٹس کا قیام، نیز ذہنی صحت کی خدمات کے لیے انشورنس کوریج میں اضافہ کرنا ہے۔

**دفتر برائے عارضی اور معذوری کی معاونت کے کمشنر Daniel W. Tietz کا کہنا تھا،** "مذکورہ ماڈل بےگھری کے شکار اور گلیوں میں مقیم بہت سے افراد کے ان متعدد مسائل کی نشاندہی کرتا ہے، جن کا انہیں سامنا ہے۔ یہ لوگوں کو ہنگامی پناہ گاہوں اور خدمات سے مربوط کرنے میں کامیاب ثابت ہوا ہے۔ نیو یارک کی حدود سے باہر کی

کمیونٹیز کے لیے گورنر Hochul کی جانب سے اس پروگرام میں توسیع کو خوش آمدید اور یہ نیو یارک کے ہمارے چند انتہائی زدپذیر ساتھی باشندوں کے لیے امید کی ایک کرن ہے۔**"**

**نشہ آوری سے متعلق خدمات اور معاونتوں کے دفتر کی کمشنر Chinazo Cunningham نے کہا،** "ہمیں معلوم ہے کہ بےگھر افراد نیو یارک کے چند انتہائی زدپذیر افراد میں سے ہیں۔ بےگھر افراد کی ضروریات کی تکمیل کی خاطر ہمیں ہر ممکن کوشش جاری رکھنی چاہیئے۔ محفوظ اختیارات کی معاون ٹیمیں افراد کے لیے اس لحاظ سے انتہائی اہمیت کی حامل ہوں گی، کہ انہیں حقیر جانے بغیر، یا تنقیدی انداز سے ہٹ کر ان کی مدد کی جائے گی، تاکہ انہیں موزوں پروگراموں اور خدمات سے مربوط کرنے میں مدد مل سکے۔**"**

**ریاستی سینیٹر Samra Brouk نے کہا،** "رہائشی عدم تحفظ بالائے ریاست شہروں کا بڑھتا ہوا مسئلہ ہے، اور گورنر Hochul کی جانب سے لوگوں کو اہم وسائل سے مربوط کرنے کے حوالے سے معاونتی عملوں میں سرمایہ کرنے سے میرا حوصلہ بڑھا ہے۔ ہمیں اس مقام پر لوگوں تک پہنچنا ہو گا جہاں وہ موجود ہیں، تاکہ وہ رضاکارانہ طور پر مطلوبہ علاج طلب کر سکیں، اور میں نہایت پُرامید ہوں کہ ہماری کمیونٹی میں یہ پروگرام کامیاب ہوں گے۔**"**

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418